تاثرات

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، گزشتہ چھبیس سال سے اصحابِ علم اور اربابِ تحقیق کی خدمت میں معروف ہے۔ محدود ذرائع آمدنی کے باوجود اس کی طرف سے اب تک تفسیر و حدیث، فقہ و سیرت، فلسفہ و حکمت، تاریخ و رجال، تہذیب و ثقافت، اخلاقیات و اسلامیات، سیاسیات و اقتصادیات، طب و صحت، تصوف و طریقت اور تعلیم وغیرہ مختلف عنوانات سے متعلق اردو اور انگریزی میں کم و بیش ڈیڑھ سو کتابیں شائع ہو چکی ہیں، جو بحمداللہ اہلِ علم میں مقبول و متداول ہیں۔

اس سال کچھ کتابیں نئی شائع ہوئی ہیں اور کچھ کتابوں کی دوسری اور تیسری اشاعت قارئینِ کرام کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔ نئی کتابیں یہ ہیں:

۱۔ سطعات: یہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی مشہور تصنیف ہے اس کو معروف صاحبِ علم جناب سید محمد متین ہاشمی نے اردو میں منتقل کیا ہے۔

۲۔ فقہائے ہند (جلد سوم): یہ محمد اسحاق بھٹی کی تصنیف ہے اور گیارھویں صدی ہجری کے فقہائے برصغیر پاک و ہند کے حالات و سوانح پر مشتمل ہے۔

۳۔ علمِ حدیث میں پاک و ہند کا حصہ: یہ ڈاکٹر محمد اسحاق کی انگریزی کتاب "انڈیاز کنٹری بیوشن ٹو دی اسٹڈی آف حدیث لٹریچر" کا اردو ترجمہ ہے۔ مترجم جناب شاہد حسین رزاقی ہیں

۴۔ انٹلیکچول ماڈرنزم آف شبلی نعمانی (انگریزی): از بیگم مہرافروز مراد۔

دوسری اور تیسری مرتبہ یہ کتابیں اشاعت پذیر ہوئی ہیں:

۵۔ مآثرِ لاہور: از سید ہاشمی فرید آبادی ——— (بقیہ بر صفحہ ۱۷)